صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز منگل مورخہ 26 اپریل 2011 بمطابق 22 جمادی الاوّل 1432 ہجری صبح گیارہ بجے منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، کرامت اللہ خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اسکا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیمِ۔

أَفَلَا يَنظُرُونَ إِلَى الْإِبِلِ كَيْفَ خُلِقَتْ ○ وَإِلَى السَّمَاءِ كَيْفَ رُفِعَتْ ○ وَإِلَى الْجِبَالِ كَيْفَ نُصِبَتْ ○ وَإِلَى الْأَرْضِ كَيْفَ سُطِحَتْ ○ فَذَكِّرْ إِنَّمَا أَنتَ مُذَكِّرٌ ○ لَّسْتَ عَلَيْهِم بِمُصَيْطِرٍ ○ إِلَّا مَن تَوَلَّىٰ وَكَفَرَ ○ فَيُعَذِّبُهُ اللَّهُ الْعَذَابَ الْأَكْبَرَ ○ إِنَّ إِلَيْنَا إِيَابَهُمْ ○ ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا حِسَابَهُم ○ صَدَقَ اللّٰہُ الْعَظِیمِ۔

ترجمہ: یہ لوگ اونٹوں کی طرف نہیں دیکھتے کہ کیسے (عجیب) پیدا کیے گئے ہیں اور آسمان کی طرف کہ کیسا بلند کیا گیا ہے اور پہاڑوں کی طرف کہ کس طرح کھڑے کیے گئے ہیں اور زمین کی طرف کہ کس طرح بچھائی گئی تو تم نصیحت کرتے رہو کہ تم نصیحت کرنے والے ہی ہو تم ان پر داروغہ نہیں ہو ہاں جس نے منہ پھیرا اور نہ مانا تو خدا اس کو بڑا عذاب دے گا بے شک ان کو ہمارے پاس لوٹ کر آنا ہے پھر ہم ہی کو ان سے حساب لینا ہے۔ و آخِرُ الدَعْوَانا أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِینَ۔

جناب سپیکر: جزاکم اللہ۔

Mr. Speaker: 'Question`s Hour': Mufti Kifayatullah Sahib.

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر صاحب! میں آپ کی توجہ کورم کی طرف دلانا چاہتا ہوں کہ ہاؤس میں کورم پورا نہیں ہے اس لئے سر،۔۔۔۔

Mr. Speaker: Countdown, please.

(Counting was carried)

جناب سپیکر: دو منٹ کیلئے گھنٹیاں بجائی جائیں۔

(اس مرحلہ پر گھنٹیاں بجائی گئیں)

Mr. Speaker: Countdown, please.

(Counting was carried)

Mr. Speaker: The Sitting is adjourned for ten minutes.

(اس مرحلہ پر ایوان کی کارروائی دس منٹ تک کیلئے ملتوی ہو گئی)

(وقفہ کے جناب سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

نشانزدہ سوالات اور ان کے جوابات

جناب سپیکر: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ 'کوئسچنز آور' : مفتی کفایت اللہ صاحب۔

* 79 _ مفتی کفایت اللہ: کیا وزیر ہائر ایجوکیشن از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے میں سرکاری لائبریریاں صرف پشاور، ایبٹ آباد، مردان، بنوں، ڈیرہ اسماعیل خان، سوات اور صوابی کے اضلاع میں موجود ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو باقی ماندہ اٹھارہ اضلاع میں سرکاری لائبریریوں کے قیام کیلئے حکومت کے زیر غور کوئی ماسٹر پلان ہے، اگر ہے تو کب تک ان اضلاع میں لائبریریاں قائم کی جائیں گی، تفصیل فراہم کی جائے؟

قاضی محمد اسد خان (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): (الف) جی ہاں۔

(ب) محکمہ ہائر ایجوکیشن، آرکائیوز و لائبریریز صوبے کے تمام اضلاع میں مرحلہ وار پبلک لائبریریز کے قیام کیلئے کوشاں ہے۔ سوال (الف) میں بیان کی گئیں لائبریریوں کے علاوہ تیمرگرہ (ضلع دیر لوئر) اور ہری پور میں لائبریریاں زیر تکمیل ہیں جبکہ موجودہ مالی سال کے دوران چار اضلاع کوہاٹ، لکی مروت،

مانسہرہ اور چترال میں پبلک لائبریریز کی تعمیر کیلئے اے ڈی پی میں فنڈز مختص کئے جاچکے ہیں۔ علاوہ ازیں صوبے کے باقی اضلاع میں بھی مرحلہ وار پبلک لائبریریز قائم کی جائیں گی۔

Mr. Speaker: Any supplementary?

مفتی کفایت اللہ: میں اپنے دن کا آغاز انتہائی اطمینان سے کر رہا ہوں۔

جناب سپیکر: (قہقہہ) شکر ہے۔

سید قلب حسن: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: ہاں جی، جی بسم اللہ۔ موؤرخو خوشحاله دے خو۔۔۔۔۔۔

سید قلب حسن: بس سر، زما یو گزارش دے ورکښے۔

جناب سپیکر: جی۔

سید قلب حسن: ضمنی کوئسچن دے۔ ډیر نامور او معروف شاعر احمد فراز صاحب د لائبریرئ په سلسله کښے زه خبره کومه چه په کوهاټ کښے کومه لائبریری وه، په هغے کښے د کوهاټ ټی ایم اے د کانونه جوړ کړی دی او احمد فراز صاحب دا وصیت کړے وو چه ما چه څومره پورے کوهاټ کښے لائبریری نه وی جوړه کړے، که زه وفات شوم ما کوهاټ کښے دفناؤ نکړ ئ نو نن په اسلام آباد کښے د هغه د دفن بندوبست شوے دے، زه د منسټرصاحب نه دا کوئسچن کومه چه دا لائبریری به په څومره ټائم کښے جوړیږی؟ کوهاټ لائبریری ورکښے شته، لږ دوئ مهربانی کړے ده۔

Mr. Speaker: Ji, honourable Minister for Higher Eduction.

Mr. Israrullah Khan Gandapur: Speaker Sir.

جناب سپیکر: جی اسرار اللہ خان۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، میری منسٹر صاحب سے یہ گزارش ہے کہ آیا اس کیلئے کوئی Hard and fast rules ہیں کہ پہلے آپ ڈسٹرکٹ میں بنائیں گے اور اس کے بعد آپ تحصیل پہ آئیں گے؟ اگر کوئی تحصیل ہے جو کہ اس Criteria پر پورا اترتی ہے تو اس کو نیچے تحصیل کے لیول تک کیوں نہیں لے آتے؟ کیونکہ بجٹ پراسس میں ہے اور اب آخری مراحل میں ہے۔

جناب سپیکر: جی، ملک ستار خان صاحب۔

جناب عبدالستار خان: تھینک یو، جناب سپیکر۔اس میں آخر میں جواب کا جو حصہ ہے، جس میں باقی اضلاع میں بھی مرحلہ وار پبلک لائبریریاں قائم کی جائیں گی،اس میں جناب پھر ہماری تو خوش قسمتی ہے، جو ہمارے Backward districts ہیں، جو کوہستان ہے خصوصاً اس کو لائبریری کے حوالے سے اور آبادی کے لحاظ سے تو اس کو Priority basis پر رکھنا چاہیئے، مرحلہ وار ہم آخر میں نمبر پر جاتے ہیں۔

جناب سپیکر: ستار خان! آپ پہلے تعلیمی ادارے تو بنائیں پھر لائبریریوں کے پیچھے پڑ جائیں۔

جناب عبدالستار خان: تعلیمی ادارے بھی بنائیں گے۔

جناب سپیکر: ابھی آپ کے تو سکولز بھی نہیں بنے ہیں اور آپ لائبریری کے پیچھے پڑ گئے ہیں۔

جناب عبدالستار خان: تو سکولز بھی ہمارے لئے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی منور خان، منور خان۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: تھینک یو، سر۔ سر، منسٹر صاحب سے یہ ریکویسٹ کروں گا، بلکہ ان کو یاد دلانا چاہتا ہوں کہ اسی قسم کا کوسچن آیا تھا اور منسٹر صاحب نے آن دی فلور میرے ساتھ Promise کیا تھا کیونکہ پچھلے 2009-10 کے اے ڈی پی میں لکی کیلئے ایک ڈسپنسری تھی لیکن پتہ نہیں کہ اس سے ڈسپنسری کیوں غائب ہو گئی ہے ؟اور چونکہ یہ Promise بھی کیا تھا اور وعدہ بھی کیا تھا کہ اس دفعہ ہم اس کو لکی کیلئے رکھیں گے۔

سردار شمعون یار خان: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جی سردار شمعون صاحب، سردار شمعون یار۔

سردار شمعون یار خان: شکریہ جناب سپیکر۔ میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ اس کیلئے Criteria کیا ہے کہ۔۔

جناب سپیکر: Criteria کا سوال تو آ چکا اور۔۔۔۔۔

سردار شمعون یار خان: کس بنیاد پر یہ بناتے ہیں؟ کیونکہ ایک ڈسٹرکٹ میں ایک لائبریری میرا خیال ہے وہ غالباً ناکافی ہے، اتنی بڑی آبادی کیلئے ہو گی۔

جناب سپیکر: جی، آنریبل منسٹر صاحب۔ جی، ڈاکٹر فا صاحب (قہقہہ)

ڈاکٹر اقبال دین: جی زہ ترینہ دا تپوس کوم چہ د لتہ خو مو کوهاټ ډسترکټ ورکړے دے ، پہ کوهاټ ډسترکټ کښے درے حلقے دی او زما پہ خیال چہ درے واړو حلقو د پارہ د چیف منسٹر صاحب طرف نہ ډائریکټیوز راغلی وو د لائبریرئ خو تر اوسہ پورے لائبریرو باندے کار شروع نہ دے نو دا تپوس کوؤ چہ۔۔۔۔

Mr. Speaker: Ji, honourable Minister for Higher Eduction, Qazi Asad Sahib, please.

قاضی محمد اسد خان (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): تھینک یو، مسٹر سپیکر سر۔ سر، اس جواب میں ہم نے بالکل واضح کر دیا ہے کہ کوہاٹ، لکی، مانسہرہ اور چترال میں اس سال ہم ڈسٹرکٹس ہیڈکوارٹرز میں Suitable جگہ پر لائبریریاں بنا رہے ہیں۔ 9 اپریل کو سر، پی ڈی ڈبلیو پی کی میٹنگ میں تھوڑا سا مسئلہ تھا، ہمارے پاس چونکہ مانسہرہ میں Suitable زمین Available نہیں تھی تو وہ فی الحال ہم نے پینڈنگ کر دی ہے لیکن میں نے آپ کو ایک دفعہ پہلے عرض کیا تھا سر، آپ نے کافی استفسار کیا تھا تو میں نے بتایا تھا کہ انشاء اللہ ہر ایک ضلع میں اس صوبے کے، خیبر پختونخوا کے ہم لائبریری بنائیں گے۔ اسرار خان نے جس طرف اشارہ کیا ہے سر، تو Already میں نے اس سال اپنے اے ڈی پی کے حوالے سے جو میٹنگ ہمارے محکمے کی ہوئی تھی، میں نے کہا کہ اس کو آپ Reconsider کریں اور جو دور دراز تحصیلیں ہیں، ان کیلئے کوئی چھوٹی لائبریریز کا بھی ہم پروگرام لے کر آ رہے ہیں، چونکہ ہمارے پاس Establishment of Library، ایک ہیڈ ہوتا ہے، اس میں سر میں انشاء اللہ تعالیٰ تحصیلوں کو Consider کروں گا لیکن گزارش یہ تھی کہ پہلے اگر ڈسٹرکٹس میں سرے سے ہی نہیں ہیں تو Priority ہے کہ ہیڈکوارٹر میں بن جائیں اور پھر آہستہ آہستہ انشاء اللہ تعالیٰ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اور ان لائبریریوں میں کوئی جاتا بھی ہے کہ نہیں؟

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، بالکل جاتے ہیں۔

جناب سپیکر: یا ویسے ہی، ڈیٹا ہے کوئی؟

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: جی سر، ہمارے پاس ممبر شپ ہوتی ہے نا، میں اس کی تعداد لا بھی سکتا ہوں سر لیکن آپ کو پتہ ہے کہ کتنے عرصے سے پرانے انگریزوں کے زمانے سے بھی علاقے میں لائبریریاں ہوتی تھیں، پڑھنے کا ایک کلچر ہوتا تھا، وقت کے ساتھ ساتھ ہماری طرف سے کچھ کمی ہوئی، کچھ عوام باقی مسائل کی طرف لگ گئے تو پڑھنے سے دور ہو گئے اور اس کا سوسائٹی پر اچھا اثر نہیں پڑتا سر، لائبریریوں کو Encourage کریں گے۔

Mr. Speaker: Mufti Kifayatullah Sahib, next Question, ji.

* 155 _ مفتی کفایت اللہ: کیا وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ تعلیمی اداروں میں سہولیات اور تعمیرات کی اولین ترجیح ہے جبکہ صوبے بھر کے سکولوں کو سہولیات دی جارہی ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(1) ضلع مانسہرہ کے پی کے 55 میں سال 2005 تا 2011 تک حکومت نے کون کونسے سکولوں کی تعمیر کی ہے اور کن کن سکولوں کو کیا کیا سہولیات فراہم کی ہیں؛

(2) مذکورہ حلقہ میں تباہ شدہ سکولوں کی تفصیلات کیا ہیں، نیز زلزلہ سے تباہ شدہ سکولوں میں دوبارہ کتنے سکول تعمیر کئے گئے ہیں؛

(3) مذکورہ حلقہ میں جو سکولز دوبارہ تعمیر کے متقاضی ہیں، ان کی تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم)</u>: (الف) جی ہاں، درست ہے۔

(ب) (1) حلقہ پی کے 55 مانسہرہ میں 26 سکولوں میں تعمیرات اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کا کام کیا گیا ہے۔ فہرست فراہم کی گئی۔

(2) حلقہ پی کے 55 مانسہرہ میں 294 سکولز زلزلہ سے متاثر ہوئے جن میں تا حال 91 سکولز تعمیر ہو چکے ہیں جبکہ 64 سکولز زیر تعمیر ہیں۔ فہرست فراہم کی گئی۔

(3) حلقہ پی کے 55 مانسہرہ میں صرف 94 سکولز تعمیر کے متقاضی ہیں۔ فہرست فراہم کی گئی۔

<u>Mr. Speaker:</u> Any supplementary?

<u>مفتی کفایت اللہ</u>: جی، اس میں سپلیمنٹری سوال ہے جی، میں زلزلہ سے متاثرہ سکولوں کے بارے میں پوچھ رہا تھا تو انہوں نے (ب) کے جز 2 میں جواب دیا ہے کہ ہمارے حلقے میں 294 سکولز زلزلے سے متاثر ہوئے جن میں 91 سکولز بن گئے ہیں اور 64 زیر تعمیر ہیں اور جن سکولوں کو ہاتھ نہیں لگایا گیا، ان کی تعداد ہے 94۔ جناب سپیکر، اگر 94 ایسے سکولز ہیں جن کو ہاتھ نہیں لگایا گیا اور 'ایرا' والوں نے کام ختم کر دیا ہے۔ اب اگر میں بہت احتیاط کے ساتھ ایک سکول پر دو کروڑ لاگت لگاؤں تو اس کے دو ارب روپے بنتے ہیں۔ اب ہماری صوبائی حکومت میں تو اتنے پیسے نہیں ہیں کہ دو ارب روپے ان سکولوں پر لگائے اور اس میں جی میں ایک انکشاف کرتا ہوں کہ یہاں پر ٹھیکہ دیا گیا تھا سکولوں کو گرانے کا، اور دس لاکھ روپے میں ایک ایک سکول کو گرایا جاتا تھا لیکن گرانے کا عمل تیس ہزار میں مکمل ہو جاتا ہے اور باقی سب ٹھیکیدار لیتا ہے اور ایک کرنل تھا جس کے پاس ٹھیکہ تھا اور اس نے اس کو بھی نہیں دیکھا کہ جزوی متاثر ہے یا شدید متاثر ہے، ٹھیک سکولز بھی اس نے گرا دیئے ہیں اور آج 94 سکولوں میں بچے آسمان تلے بیٹھے ہوئے ہیں،

تھوڑی سی گرمی ہو جاتی ہے، وہ گھر چلے جاتے ہیں تھوڑی سی بارش ہو جاتی ہے، وہ گھر چلے جاتے ہیں تو ان کا جو تعلیمی ماحول ہے، وہ بالکل تباہ ہو گیا ہے، تو میں دو باتیں پوچھتا ہوں جناب وزیر باتدبیر سے، ایک تو یہ کہ یہ 94 سکولز دو ارب روپے میں آپ کس طرح اس کو Manage کریں گے؟ اور دوسری بات یہ کہ اتنا بڑا فراڈ جو ہوا ہے، کوئی انکوائری Conduct ہوئی ہے یا نہیں؟ یا آپ فلور پر بتائیں کہ ہم انکوائری کریں گے تو ہمیں معلوم ہو جائے کہ ہمارا ملزم کون ہے؟

جناب سپیکر: مفتی صاحب! یہ اتنے اچھے بھلے سکولز بھی گرائے گئے؟

مفتی کفایت اللہ: بالکل جی۔

جناب سپیکر: اس کا کوئی Solid ثبوت ہے آپ کے پاس؟

مفتی کفایت اللہ: ہاں جی، اس کا ثبوت بھی لوگ ۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ کب، کس سال کی بات ہے؟

مفتی کفایت اللہ: یہ جب زلزلہ آگیا تھا نا جی، تو یہاں فوجی کام کرتے تھے تو ان کو ایک ٹھیکہ ملا تھا، ایک کرنل تھا، میں نام تو اس کا نہیں جانتا لیکن اس نے ایسا کیا کہ جو سکول ٹھیک تھا اور اس کے اندر معمولی دراڑ آئی تھی تو اس کو بھی گرایا اور جو بالکل قابل استعمال تھا اس کو بھی گرایا، جو جزوی متاثر تھا اس کو بھی گرایا۔

جناب سپیکر: زلزلہ کب آیا تھا؟

مفتی کفایت اللہ: اب تمام گرا دیئے گئے لیکن بنائے گئے تمام نہیں ہیں۔

جناب سپیکر: کیا؟

آوازیں: 2008 میں۔

مفتی کفایت اللہ: یہ سوال ایک دفعہ پہلے بھی آیا تھا، میں دوبارہ اس لئے لایا ہوں کہ مجھ سے میرے حلقے کے لوگ ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی، جاوید عباسی صاحب۔ اس کے بعد، اس کے بعد۔

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر صاحب! مجھ سے میرے حلقے کے لوگ پوچھتے ہیں کہ ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جاوید عباسی۔

جناب محمد جاوید عباسی: Thank you very much ۔ جناب سپیکر، یہ بہت اہم سوال ہے جو مفتی کفایت اللہ لے کر آئے ہیں ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، تقریر بعد میں کریں گے نا مفتی کفایت اللہ رکن اسمبلی۔ جی جاوید عباسی۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب، اس سے پہلے ایک دفعہ یہ سوال ہم بھی لے کر آئے تھے، چار دفعہ یہ سوال آ چکا ہے۔ جناب سپیکر، ضلع ایبٹ آباد میں 54 کے قریب ایسے سکولز تھے جن کی عمارتیں Partially damage تھیں، جن کو گرایا گیا زلزلہ آنے کے بعد، میں نہیں کہتا کہ اس میں حکومت کا قصور ہے، میں کسی کو الزام نہیں دے رہا۔ اس سے پہلے سکولوں کا ٹھیکہ دیا گیا تھا جو Partially damage ہوئے تھے، ان سکولوں کو گرادیا گیا جناب سپیکر، انہوں نے کہا کہ نئے سکولز بنائیں گے، 20% کام ہوا، وہ سکولز اب بند ہیں۔ جناب سپیکر، میں منسٹر صاحب سے یہ پوچھنا چاہوں گا کہ یہ جو ضلع ایبٹ آباد کے اندر 54 یا 55 ٹھیک ٹھاک سکولوں کو گرادیا گیا ہے، ان میں سے آج کسی پر 20% کام ہوا ہے یا کسی پر 30% یا 40% ہوا ہے۔ پچھلے پانچ سالوں سے، تین سالوں سے جناب سپیکر، ہم چلا چلا کر کہتے ہیں کہ ہماری ایک پوری جنریشن جو ہے، وہ بغیر سکول گئے چلی گئی ہے اب دوسری اور تیسری۔۔۔۔۔۔

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی قلندر لودھی صاحب۔

جناب محمد جاوید عباسی: یہ سکول کب شروع کریں گے؟ اگر نہیں کریں گے، اس پر کوئی ہمیں جامع پلاننگ جناب سپیکر، ان کو آج جواب دینا چاہیئے کہ یہ۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: حاجی قلندر لودھی صاحب۔

حاجی قلندر خان لودھی: شکریہ، جناب سپیکر۔ جناب سپیکر!

جناب سپیکر: سپلیمنٹری سوال پوچھا کریں تو۔

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر، اس میں سپلیمنٹری یہ ہے کہ بڑا دکھی سوال آپ سے کیا ہے انہوں نے اور یہ اس صوبے کی غلطی نہ ہونے کے باوجود بڑی مصیبت بن گئی ہے، اور پر جہاں ان کی Approach تھی، جو کام کے سکولز تھے، سب وہ انہوں نے گرادیئے کیونکہ ان کی مانیٹرنگ کرنے والا کوئی نہیں تھا اور میٹریل وہ لے گئے، اب اس کی ری کنسٹرکشن نہیں ہو رہی۔ بچے باہر بیٹھے ہوئے ہیں اور یہ تقریباً Near about آٹھ سو سکولز چھ ڈسٹرکٹس میں بنتے ہیں، آٹھ سو سکولز چھ ڈسٹرکٹس میں بنتے ہیں، یہ صوبے کی Liability بن جائے گی، ان کی کوئی غلطی نہیں ہے، کسی فورم پر اس کو اٹھائیں کیونکہ ایک سال کے بعد 2011ء میں ' ایرا ' Close ہونے والی ہے، Wind up ہونے والی ہے تو اس کا کیا بنے گا؟

جناب سپیکر: حبیب الرحمان تنولی صاحب۔

الحاج حبیب الرحمان تنولی: Thank you, Mr. Speaker, Sir۔ میرا ضمنی سوال یہ ہے جی کہ مفتی صاحب کا یہ جو کوسچن تھا، انتہائی اہم ہے اور سارے حلقوں میں سکولز گرائے گئے ہیں اور اس کو اگر آپ اس طرح دیکھیں کہ وہ سکولز جو گرائے گئے ہیں، ان کا میٹریل بھی غائب کر لیا گیا اور آج جو ٹینڈر ہوئے، وہ ٹینڈر ہونے کے بعد بھی تھوڑا سا کام ہوا اور باقی پڑا ہے۔ پچھلے پانچ، چھ سالوں سے ہمارے بچے جو ہیں وہ خیموں میں بیٹھے ہوئے ہیں تو میرا جناب محترم وزیر صاحب سے یہ کوسچن ہے کہ وہ اس ہاؤس میں کوئی Policy statement دیں کہ آیا ان بچوں کا کیا حشر ہوگا جو پانچ سال سے گراؤنڈ پر بیٹھے ہیں اور خیموں میں بیٹھے ہیں؟

جناب سپیکر: جی سردار نلوٹھا صاحب، سردار نلوٹھا صاحب۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر صاحب، یہ انتہائی اہم کوسچن ہے۔ یہ ٹھیکیدار کو جو ٹھیکہ دیا گیا ہے سکولز بنانے کا، ساتھ اس کو سکولز گرانے کا بھی ٹھیکہ ملا ہے، ٹھیکیداروں کو بنانا تو دور کی بات ہے، سکولز گرا دیئے ہیں اور پوزیشن اس طرح ہوئی ہے کہ جو نئے سکولز بنے ہوئے تھے جی، اس کا سارا میٹریل ٹھیکیدار اٹھا کر لے گیا ہیں۔ میرے حلقے میں ایک سکول ہے جی جی پی ایس پونا، اس میں نیا کمرہ بنا تھا جی، تقریباً پندرہ یا سولہ لاکھ روپے کی مالیت سے بنا تھا، جب ٹھیکیدار کو 'ایرا' کی طرف سے اس کا ٹینڈر ہوا تو وہ نیا کمرہ بھی اس نے گرا دیا اور پرانا سکول بھی گرا کے سارا میٹریل اٹھا کر ٹھیکیدار بھی چلا گیا۔

جناب سپیکر: سرادر صاحب، میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ آپ لوگ کہاں تھے جب یہ اچھے بھلے سکولز گرا رہے تھے؟

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سپیکر صاحب، یہ کوئی چوتھی دفعہ یہ کوسچن اسمبلی میں آیا ہے، ایک سال سے ہم کہہ رہے جی۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، (اپنے دل کی طرف اشارہ کرتے ہوئے) ادھر درد نہیں ہوتا جب وہ اچھی چیز گرا رہا تھا۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: اب بھی ہمارے بچے دھوپ میں بیٹھے ہوئے ہیں۔

جناب سپیکر: ہاں، ادھر تو آپ بڑے تگڑے ہیں، ادھر آپ کیوں اتنا۔۔۔۔

(شور)

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر، یہ سارا کام حکومت نے کر دیا ہے ہم اس لئے خاموش تھے کہ جو نئے بنائیں گے، اس کے اوپر بنائیں گے تو وہ ہو گا۔

جناب سپیکر: ادھر تو مشہور ہے کہ اپنے گاؤں میں ہر کوئی تگڑا ہوتا ہے، آپ ادھر تگڑے نہیں تھے؟

جناب محمد جاوید عباسی: جناب، یہ ہماری حکومت کی غلطی ہے۔۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: بابک صاحب، سردار حسین بابک صاحب۔ بس آپ بیٹھ جائیں جی۔

جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): شکریہ، سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، یہ کوئسچن پہلے بھی مفتی صاحب لائے تھے اور جہاں تک ہو سکا تھا، میں نے کوشش کی تھی کہ میں جواب دے سکوں اور بھی میرے سارے بزرگوں نے بڑی اچھی بات کہی ہے، یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ ٹھیک ٹھاک سکولوں کو گرایا گیا تھا، یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ انہی سکولوں کو گرانے کے بعد جو میٹریل تھا، وہ بھی غائب تھا اور یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ آج وہاں پہ ہمارے بچے اور بچیاں جو ہیں، وہ ٹینٹوں میں پڑھ رہی ہیں، یہ حقیقت ہے لیکن جو سب سے بڑی حقیقت ہے، میں یہی سننا چاہ رہا تھا اپنے بزرگوں سے کہ یہ ٹھیک ٹھاک سکول۔۔۔۔۔

(شور)

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: میں نے بڑے تحمل سے آپ کی بات سنی ہے میرے بھائی، میں یہی سننا چاہ رہا تھا کہ یہ ٹھیک ٹھاک سکولز کس نے گرائے ہیں اور کس کے دور حکومت میں گرائے گئے ہیں اور کس کے دور حکومت میں یہ جو میٹریل ہے، یہ غائب ہو گیا ہے اور کس کے دور حکومت میں اتنی ساری تباہی ہوئی ہے؟ (تالیاں) تو میں بتاتا ہوں سپیکر صاحب، یہ ان جرنیلوں نے گرائے ہیں، جرنیلوں نے (تالیاں) اور اسی وقت صوبائی حکومت میں میں یہ کہوں گا کہ یہ حوصلہ ہونا چاہیئے تھا کہ ان جرنیلوں کے گریبانوں میں ہاتھ ڈالتے جنھوں نے اپنے رشتہ داروں کو ٹھیکے دیئے اور ہمارے ٹھیک ٹھاک سکولوں کو انہوں نے گرایا۔ آج بھی اگرچہ وہ جرنیل حکومت میں نہیں ہیں اور ہم اتنے ڈر رہے ہیں کہ ان کا نام نہیں لے رہے اور ہر ایک ہماری طرف انگلی اٹھا رہا ہے تو میں کہتا ہوں کہ ان جرنیلوں نے ان سکولوں کو گرایا ہے، ہم ہی وہ لوگ ہیں کہ ہم میں کم از کم اتنی ہمت ہے کہ ہم صحیح بات کہہ

تو سکتے ہیں نا، یہی وہ بات ہے۔ سپیکر صاحب، جہاں تک مفتی صاحب نے بات کی ہے، بالکل اسی کیلئے ہم نے Strategy بنائی ہے، ہمارے جو 94 سکولز ہیں جو ابھی تک وہاں پہ کام شروع نہیں ہوا، انشاء اللہ اسی کیلئے ہم نے Strategy بنائی ہے۔ جس طرح ہم فلڈ میں کام رہے ہیں، جس طرح ہم Militency hit areas میں کام کر رہے ہیں، انشاء اللہ اسی کیلئے بھی کام کر رہے ہیں لیکن چونکہ مسئلہ یہ ہے کہ وہاں پہ 'ایرا' اور 'پیرا' جس کو ہمارے بھائی اور بزرگ ہیرا پھیری کہہ رہے ہیں، انہی کے دور حکومت میں اس طرح ہوا ہے، تو ہم نے Collectively انہی لوگوں کی طرف اشارہ کرنا ہے جو گناہ گار لوگ ہیں، جو ذمہ دار لوگ ہیں، تب ہی یہی مسئلہ ہو گا، یہ ہمارے صوبے کا مسئلہ ہے، یہ ہماری حکومت کا مسئلہ نہیں ہے، نہ یہ صرف ہماری اپوزیشن کا مسئلہ ہے تو میں یہی مشورہ دوں گا کہ ہم سب کو سچ بات کہنی چاہیئے اور ہم سب کو وہی بات کرنی چاہیئے جو حقیقت ہو۔ بہر حال انشاء اللہ اس کیلئے ہم کام کر رہے ہیں، Strategy بنا رہے ہیں اور باہر سے ہم رابطے میں ہیں۔ جہاں سے ممکن ہو سکا فنڈنگ کے حوالے سے تو نشاء اللہ اس کیلئے ہم کر رہے ہیں۔

<u>جناب محمد جاوید عباسی:</u> جناب سپیکر، یہ فاضل منسٹر صاحب نے۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> یہ کچھ Hopes ہیں، کچھ جلدی بننے کی Hopes ہیں؟

<u>وزیر برائے ابتدائی و ثانوی تعلیم:</u> سپیکر صاحب، اصل کښې په دې باندې خو ډیر زیات لګښت راځي، تاسو جي پخپله اندازه اوکړئ چه یو پرائمری سکول چه دے، هغه په چالیس لاکھ روپئ باندې جوړیږي، یو مډل سکول چه دے هغه په 58 یا په 60 لاکھ روپئ باندې جوړیږي، داسې هائی سکول چه دے، هغه په یو کروړ روپئ باندې جوړیږي او دا په سوؤنو سکولونه داسې دي نو په دې باندې ډیر زیات لګښت راځي۔

<u>جناب سپیکر:</u> د دې 94 نه علاوه نور هم دي؟

<u>وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم:</u> او، ډیر سکولونه داسې دي جي، او بالکل۔

<u>جناب محمد جاوید عباسی:</u> جناب سپیکر، یہ بات ٹھیک ہے لیکن منسٹر صاحب۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> نہیں، یہ تجویز آپ چائے پہ بیٹھ کر ادھر سنیں گے جی۔

<u>جناب محمد جاوید عباسی:</u> جناب سپیکر!

<u>جناب سپیکر:</u> نہیں ابھی یہ بہت بڑی اماؤنٹ جی، نہیں یہ تو آٹھ سو سکول ہیں۔۔۔۔

جناب محمد جاوید عباسی: نہیں جناب سپیکر، یہ سکولز جو ہیں، یہ بالکل آنے سے پہلے یہ معاملہ ہو گیا تھا، اس وقت یہ نہیں ہونا چاہیئے تھا، میں پورا سپورٹ کرتا ہوں ورنہ جناب سپیکر، ہم دو سال اور کہتے رہیں گے اور دو سال کے بعد پتہ چلے گا کہ ایک سکول پر بھی کام شروع نہیں ہوا۔۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: آپ نوٹس دے دیں پھر بعد میں دیکھیں گے نا۔ مفتی کفایت اللہ صاحب، Again۔ بس خبره ختمه کړئ چه بیا بل طرف ته ځو، نوٹس آپ بھیج دیں تو پھر دیکھیں گے اس پہ۔ جی مفتی کفایت اللہ صاحب، Again، کوئسچن نمبر؟

مفتی کفایت اللہ: یہ کوئسچن نمبر 156۔

جناب سپیکر: جی، جی۔

* 156 _ مفتی کفایت اللہ: کیا وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے بھر میں کلسٹر سسٹم کے تحت ماتحت سکولوں کو ہائی سکولوں کے ساتھ مربوط کر دیا گیا؛

(ب) آیا یہ درست ہے کہ مذکورہ سسٹم اپنی نوعیت کا منفرد منصوبہ ہے جس پر عملدرآمد ملتوی کر دیا گیا ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(1) کلسٹر سسٹم کے تحت ہائی اور ہائر سیکنڈری کو تفویض شدہ اختیارات کیا ہیں؛

(2) مذکورہ سسٹم کے راستے میں حائل مشکلات کیا ہیں؛

(3) صوبہ میں کب تک مذکورہ سسٹم سے پوری طرح سے استفادہ کیا جا سکے گا؟

جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) جی ہاں، درست ہے۔

(ب) اس سسٹم پر عمل درآمد ملتوی نہیں کیا گیا ہے بلکہ فنانس ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ اس کے طریقہ کار پر مشاورت ہو رہی ہے۔

(ج) (1) اس سسٹم کے تحت ہائی اور ہائر سیکنڈری سکولز کے ہیڈ ماسٹرز اور پرنسپلز پرائمری اور مڈل سکولز کے اساتذہ کی تنخواہ کیلئے ڈی ڈی اوز ہوں گے اور وہ ان کے زیر نگرانی ہوں گے۔

(2) مذکورہ سسٹم کی راہ میں کوئی مشکل نہیں ہے، صرف فنانس ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ تنخواہ دینے کے طریقہ کار پر مشاورت ہو رہی ہے۔

(3) یکم جولائی 2011 سے صوبے بھر میں اس سسٹم سے استفادہ کیا جاسکے گا۔

Mr. Speaker: Supplementary?

مفتی کفایت اللہ: نہیں جی، میں مطمئن ہوں۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: تھینک یو، جی۔ Again مفتی صاحب، سوال نمبر؟

مفتی کفایت اللہ: یہ سوال ہے جی 157۔

جناب سپیکر: جی۔

* 157 _ مفتی کفایت اللہ: کیا وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ملک کے تعلیمی نظام میں مسجد سکولوں کو اہم مقام حاصل ہے;

(ب) آیا یہ درست ہے کہ مکتب اور مسجد سکولز کئی قسم کے مسائل کا شکار ہیں جبکہ ان میں بچوں کی تعداد صفر ہے;

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(1) حکومت مسجد اور مکتب سکولوں کے مستقبل کے بارے میں کیا ارادہ رکھتی ہے;

(2) حکومت مذکورہ سکولز جہاں بچوں کی تعداد صفر ہے، پرائمری سکولوں میں ضم کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) جی ہاں، درست ہے۔

(ب) اس ضمن میں وضاحت کی جاتی ہے کہ مکتب اور مسجد سکولوں کیلئے کوئی سرکاری عمارت نہیں ہیں اور نہ ان کو مناسب فرنیچر فراہم کی جاتی ہے۔ جن سکولوں میں بچوں کی تعداد صفر ہوتی ہے ان کو قریبی پرائمری سکولوں میں ضم کیا جاتا ہے۔

(ج) (1) حکومت مسجد اور مکتب سکولوں کے مستقبل کیلئے مالی وسائل کی دستیابی پر مناسب اقدامات کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔

(2) جی ہاں، درست ہے۔ مذکورہ سکولوں کو جہاں بچوں کی تعداد صفر ہے، قریبی پرائمری سکولوں میں پہلے ہی سے ضم کیا گیا ہے۔

مفتی کفایت اللہ: اس میں تو وزیر صاحب کی توجہ کیلئے ایک بات ہے، اگر وہ ناراض نہ ہوں۔ یہ مسجد سکولز جو ہیں، ان کا مستقبل مخدوش ہوتا ہے تو وہاں اساتذہ Zero enrollment میں بھی جعلی طور پر کچھ نہ کچھ بچے دکھاتے ہیں تاکہ ان کی تنخواہ بند نہ ہو جائے، تو میری تو یہ گزارش ہے کہ اس جھوٹ بولنے کی کیا ضرورت ہے؟ ان کو کوئی مستقبل دے دیا جائے اور ان کو قریبی سکول میں ضم کر دیا جائے اور یہ Zero enrollment جو ہے، ان پوسٹوں کو ختم کر دیا جائے اور جب استاد کو یہ اطمینان ہو گا کہ اب میری تنخواہ بند نہیں ہو گی تو پھر اس کو جھوٹ لکھنے کی ضرورت بھی نہیں ہو گی اور یہ بہت بڑا بوجھ ہے جی۔

جناب سپیکر: جی آنریبل منسٹر صاحب، سردار بابک صاحب۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: شکریہ سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: یہ Zero enrollment والے سکولوں کو ٹیچرز کی بات ہے جی۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: سپیکر صاحب، دا سوال په دے روان سیشن کښې ډاکټر ذاکر اللہ صاحب هم مخکښې راوړے وو او مونږ ورته په فلور باندے اووئیل چه دا کوم مکتب سکولونه دی، هغے له مونږ په راروان اے ډی پی کښې د پرائمری سکول درجه ورکوؤ، هغه باقاعده مونږ وئیلی هم وو چه اے ډی پی ته مونږ دا سکیم راوړو، دا کوم کوم کلو کښې یا کومو کومو ځایونو کښې چه مکتب سکولونه دی، هغے له به مونږه د پرائمری سکول شکل ورکړو او چه په کوم ځائے کښې بالکل Zero enrollment دے نو هغه جی Automatically مونږ په خواؤ شا کښې کوم سکولونه دی، په هغے کښې مونږه ضم کړی دی۔

جناب سپیکر: عبدالاکبر خان صاحب کا مائیک آن کریں۔ جی عبدالاکبر خان صاحب۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر صاحب، کیا وزیر صاحب ارشاد فرمائیں گے کہ آئندہ اے ڈی پی میں نئے مکتب سکولوں کیلئے کوئی 'پروویژن' رکھیں گے؟

جناب سپیکر: جی ثاقب اللہ خان۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: جناب سپیکر صاحب، زما سوال هم دغسے دے چه کوم ځایونو کښې د Space پرابلم دے او زمکه خلق نه ورکوی، آیا داسے سکولونو کښې چه کوم جامع مسجد وی، هغه مکتب سکولو کښې Conversion د پاره څه آئیډیا شته که نشته دے جی؟

جناب سپیکر: جی آنریبل منسٹر صاحب۔
وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: سپیکر صاحب، داسے ده چه زمونږ خو کوشش دا دے ، زمونږ ډیر ماشومان بچی بچیان چه دی، دا Out of the school دی۔ اوس مونږ سره چه کوم فکر دے نو More than 2.6 million childrens are out of the Schools، زمونږ خو جی کوشش دا دے چه څومره Excessورکولے شو، د هغے د پاره مونږه Informal سکولونه هم کهلاؤ کړی دی، این سی ایچ ډی تعاون سره، ای ای ایف په تعاون سره، د نیشنل ایجوکیشن فاؤنډیشن په تعاون سره او بیا دا مکتب سکولونه مونږ کهلاؤ کړی دی نو دا ده چه مونږ خو داسے اراده یا Proposal نشته خو بهر حال په دے باندے به مونږه غور اوکړو۔ عبدالاکبر خان صاحب ډیره ښه خبره اوکړه او په دے باندے به مونږه غور اوکړو، نور مکتب سکولونه که کهلاویدے شی نو مونږ به هغه کهلاؤ کړو۔
جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر صاحب، میں وزیر صاحب کا مشکور ہوں لیکن آپ خود سوچیں جی کہ ایک Provincial constituency کم از کم، کم از کم دو لاکھ پاپولیشن پر مشتمل ہوتا ہے اور اگر تین پرسنٹ بھی آپ Growth لگائیں تو چھ ہزار بچے ہر سال پیدا ہوتے ہیں، ایک پراونشل اسمبلی کے Constituency میں اور اگر آپ litracy rate 30% لگائیں تو اٹھارہ سو بچے School going ہوتے ہیں۔ جناب سپیکر، مثال آپ اس سال کا اے ڈی پی لے لیں تو ایک پرائمری سکول بھی اے ڈی پی میں شامل نہیں ہے اور اگر بعض جگھوں پر ایسا ہے کہ اگر کہیں پرائمری سکولز شامل ہوتے ہیں لیکن وہاں پر جگہ کا مسئلہ ہوتا ہے، زمین کا مسئلہ ہوتا ہے کیونکہ گورنمنٹ زمین تو خریدتی نہیں، زمین لوگ مفت دیتے نہیں، اس لئے یہ بہت اچھا آئیڈیا ہے کہ اگر مکتب سکول کیلئے جو تیار آپ کو مسجد میں ایک جگہ ملتی ہے، صبح کی نماز کے بعد پھر وہ خالی ہوتا ہے اس وقت، تو آسانی سے آپ وہاں پر سکول چلا سکتے ہیں۔
جناب سپیکر: ٹیچرز کہاں سے لائیں گے؟ ثاقب اللہ خان! ستاسو څه تجویز دے ؟
جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: جناب سپیکر صاحب، داسے ده جی چه زما خو به دا ریکویسټ وی چه دوئ پالیسی جوړوی نو مکتب سره جی مدرسه هم ورکښے اوکړئ ځکه هلته ډیر ماشومان وی۔ ټیچران پکار ده چه ګورنمنټ Cater کړی جی، ځایونه نشته دے جی په کلو کښے او خاصکر چه په کومو کلو دغه وی، دا

ما شوما ن هلته ځی لګیا دی، اکثر اوسیږی، هاستلے دی نو که ورسره سکولونه هم اوکړی نو ګورنمنټ ته به ډیر آسانتیا شی۔ د دے یو پالیسی د جوړه شی جی۔

جناب سپیکر: آنریبل سردار بابک صاحب! یہ ٹیچرز کا بندوبست اتنا ہو سکتا ہے؟

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: دا سپیکر صاحب! ډیره زیاته ښه آئیډیا ده او د دغے نه مخکښے هم د پرائیویټ پارټنر شپ په تعاون سره مونږ سیکنډ شفټ هم کهلاؤ کړے دے۔ دا ثاقب خان پکښے د مدرسے هم زیاته خبره اوکړه، مونږ به ریکویسټ کوؤ د ټولے صوبے هغه خلقو ته چه د چا نن د مدرسو اونرشپ دے، که مونږ سره په دے باندے Agree کیږی نو دا ډیره زیاته ښه خبره ده ځکه چه اوس زمکه هم سکولونو ته نه ملاویږی، آبادئ کښے چه زمونږ کومه اضافه ده، کوم رفتار دے، هغه هم ډیر زیات افسوسناک دے، حکومت هم په دے پوزیشن کښے نه دے چه څومره Required سکولونه دی چه هغه جوړ کړی نو دا ډیره زیاته ښه آئیډیا ده او انشاء الله مونږ به په سنجیدګئ سره په دے باندے غور کوؤ، انشاء الله۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: جناب سپیکر صاحب، که وزیر صاحب ما سره Agree کو ی نو زما به ریکویسټ دا وی چه هم د دے ایوان نه څلور پینځه کسان که تاسو سلیکټ کمیټی یا سپیشل کمیټی جوړه کړئ چه معاونت ورسره اوکړی چه که داسے یو مدرسے او مکتب کښے د Schooling د پاره یو پالیسی که مونږ تیارولے شو چه ورسره معاونت اوکړو جی۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: دا خو به ډیره غوره خبره شی جی، څنګه چه تاسو مناسب ګنړئ چه شپږ یا اته ملګری یا مشران چه کوم دی چه د هغوی تاسو کمیټی جوړه کړئ او مونږ ته یو ډیر ښه ټهیک ټهاک ډرافټ جوړ کړی، مونږ به ورسره پورا تعاون کوؤ۔

جناب سپیکر: ټهیک شوه جی۔ دیکښے کمیټی جوړه کړئ۔ مفتی صاحب دوئ پکښے واچوئ چه دا کوم جماتونو والا، نه د جمات استاد خو به ورسره جهګړه نه کوی؟ تنخواه به ورکوی۔تاسو پریښودو او دا دوئ ورپسے راغلل۔

(قہقہہ، شور)

جناب سپیکر: جیNext، مفتی کفایت اللہ صاحب Again۔ جی مفتی صاحب بل سوال، سوال نمبر159۔

* 159 _ مفتی کفایت اللہ: کیاوزیر برائے توانائی وبرقیات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ملک اس وقت توانائی کی قلت کا شکار ہے جبکہ اس قلت پر قابو پانے کی کوشش کی جارہی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(1) صوبے میں توانائی کے بحران پر قابو پانے کیلئے کئے جانے والے اقدامات کی تفصیل فراہم کی جائے؛

(2) صوبائی حکومت کی طرف سے توانائی کی قلت کے سلسلے میں صوبے بھر میں جاری منصوبوں کے مقامات کی نشاندہی کی جائے، نیز ہر منصوبے کا نام، تخمینہ لاگت اور تکمیل میعاد کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب رحیم داد خان {سینیئر وزیر (منصوبہ بندی)} (جواب وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم نے پڑھا):

(الف) جی ہاں، ملک اس وقت توانائی کے شدید بحران کا شکار ہے اور اس پر قابو پانے کی کوشش کی جارہی ہے۔

(ب) (1) صوبے میں توانائی کے بحران پر قابو پانے کیلئے صوبائی حکومت بڑی سنجیدگی سے کوشش میں مصروف ہے۔ پن بجلی کے علاوہ محکمہ ہوااور شمسی توانائی کے ذریعے بھی بجلی کے منصوبوں پر گفت وشنید کررہاہے۔ اس کے علاوہ تیل اور گیس کے ذخائر کی دریافت میں صوبائی حکومت وفاق کے ساتھ مل کر تیزی سے کام کررہی ہے۔ تیل اور گیس کی دریافت سے نہ صرف موجودہ توانائی کے بحران پر قابو پایا جاسکے گا بلکہ تیل اور گیس کی درآمدات میں بھی خاطر خواہ کمی واقع ہوگی جس سے ملک کا ذرمبادلہ کسی اور مد میں استعمال ہوجائے گا۔

(2) توانائی کے بحران پر قابو پانے کیلئے حکومت نے اس سلسلے میں اب تک درج ذیل بجلی گھر صوبائی وسائل سے تیار کئے ہیں:

(i) ملاکنڈ(III) ہائیڈروپاور سٹیشن 81 میگاواٹ۔

(ii) پیہور ہائیڈروپاور سٹیشن 18 میگاواٹ۔

(iii) شیشی ہائیڈروپاور سٹیشن (چترال) 1.87 میگاواٹ۔

(iv) ریشون (چترال) 4.2 میگاواٹ۔

صوبے میں جاری منصوبوں کی تفصیل فراہم کی گئی۔

Mr. Speaker: Any supplementary?

مفتی کفایت اللہ: ہاں جی، یہ تو میرے صوبے کا اہم مسئلہ ہے، بجلی کو پیدا کرنا۔ ہمارا یہ صوبہ جس میں بہت زیادہ پانی بھی ہے لیکن بجلی نہیں پیدا کر سکتے۔ ضمیمہ (الف) کے اندر انہوں نے مجھے گیارہ منصوبے بتائے ہیں لیکن افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ایک منصوبے پر کام نہیں ہوا اور ساری رقم Lapse ہو گئی ہے اور ہمیں تو یہ بتایا جاتا ہے کہ Militancy ہے، تو ٹھیک ہے میں دیکھتا ہوں لیکن کوہستان میں کونسی شورش ہے، مانسہرہ میں کونسا مسئلہ ہے، چترال ایک، چترال دو، چترال تین اس میں کیا بات ہے؟ تو اس میں بہت سارا پیسہ بھی Involve ہے اور یہ میرے صوبے کا Genuine مسئلہ ہے یعنی بجلی کا مسئلہ ہے۔ ہم زیرو میگاواٹ بھی پیدا نہیں کر سکے، کتنی افسوس کی بات ہے۔ اب ہر ایک بات کو پچھلی حکومت پر ڈال دیا جاتا ہے۔ اب یہاں یہ جو جواب دیا گیا یہ تو بہت افسوسناک جواب ہے اور مجھے اچھی طرح پتہ ہے کہ ہمارے سینیئر وزیر رحیم داد خان اس جواب کو Face نہیں کر سکتے تھے تو وہ آج تشریف نہیں لائے اور جواب دیں گے سردار حسین بابک صاحب، میں تو بابک صاحب کے ساتھ تعلقات خراب نہیں کرنا چاہتا۔ میری امید ہو گی کہ آپ اس کو پینڈنگ کر دیں، جب وزیر آجائیں وہ مجھے جواب دے دیں۔

جناب سپیکر: جی۔ جناب جاوید عباسی صاحب، فرسٹ۔

جناب محمد جاوید عباسی: Thank you very much۔ جناب سپیکر، یہ بہت اہم سوال ہے، ہم ہر روز اس پر توجہ دیتے ہیں، یہ بہت اچھا تھا۔ میری گزارش ہے کہ یا تو متعلقہ وزیر ہوں یا سوال پینڈنگ کیا جائے کیونکہ ان سے ہی یہ ہم پوچھ سکتے ہیں کیونکہ کئی دفعہ انہوں نے اس کے بارے میں ہمیں یہاں ایشورنس دلوائی ہے کہ یہ جو کام ہے، بجلی تنصیب کیلئے، یہ ہم شروع کر رہے ہیں، یہ ڈیم ہم شروع کر رہے ہیں، اتنی اتنی میگاواٹ بجلی پیدا ہو گی، یہ ساری زبانی اور کلامی باتیں ہیں۔ جناب میں اپنا ضمنی اس لئے روکتا ہوں کہ اگر مہربانی کر کے یہ پینڈنگ کر دیں تاکہ یہ بہت Important بات ہے، وہ موجود ہوں اور ہمیں تسلی بخش جواب دے دیں۔

جناب سپیکر: ستار خان صاحب۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: ستا سوځه ضمنی سوال دے؟ اودریږه چه ستار خان اول او کړی جی۔ ستار خان۔

جناب عبدالستار خان: شکریہ جناب سپیکر۔ میں تو اس لحاظ سے بات کرونگا کہ چونکہ اس میں جو لسٹ دی گئی ہے ہمیں، خصوصاً ہائیڈرو پاور پراجیکٹ کے لحاظ سے، جس میں کوہستان جو ہے وہ اس جنریشن میں، پاور جنریشن میں سونے کی چڑیا ہے اور تمام پاکستان کا واٹر جس کا محور بھی کوہستان ہے، اس میں ایک بڑی اہم بات جو پچھلے سال اے ڈی پی میں شامل کی گئی تھی، سومرگاہ پاور پراجیکٹ، 28 میگاواٹ کا تھا اس کیلئے Six million rupees اے ڈی پی میں باقاعدہ Allocate بھی ہو گئے تھے تو اس پراجیکٹ کو اس عملی پروگرام سے نکالا ہے حالانکہ اس کیلئے Six million rupees اس میں Allocate بھی ہو گئے تھے، سومرگاہ پاور پراجیکٹ کیلئے۔

جناب سپیکر: صوبے سے؟

جناب عبدالستار خان: ہاں صوبے سے، مگر اے ڈی پی میں وہ باقاعدہ شامل تھا، پاور اینڈ ہائیڈرو پاور۔۔۔۔

جناب سپیکر: ابھی گورنمنٹ سے پوچھتے ہیں نا، گورنمنٹ سے پوچھتے ہیں۔ جی، اسرار اللہ خان۔ اس کے بعد مفتی جانان صاحب۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: میری سر گزارش یہ ہے کہ یہ سوال واقعی نہایت اہم ہے، اگر دیکھا جائے اس کے Contents تو یہ ہیں کہ توانائی کے بحران پہ قابو پانے کیلئے یہ سر ملاکنڈ III، پیہور یا جتنے بھی ہیں، سر یہ جب بجلی اگر آپ Generate کر بھی لیں، یہ نیشنل گرڈ تک جائے گی اور پھر بھی آپ کا صوبہ Suffer کرے گا تو Basically تو یہ ہے کہ توانائی کے بحران پہ کیا یہ بہتر نہیں ہو گا کہ اس کی ٹرانسمشن لائن کا بندوبست کیا جائے؟ ٹھیک ہے ریونیوز تو Generate کر لیں گے، مالاکنڈ III آپ نے Complete کر کے بجلی نیشنل گرڈ کو جا رہی ہے، مسئلہ تو توانائی کے بحران کا ہے، اگر آپ اس کی ٹرانسمشن لائن ڈالیں تو میرے خیال میں اگر اس کو ہم پینڈنگ رکھ لیں اور جب منسٹر صاحب آ جائیں تو اس حوالے سے اس کو دیکھ لیں کہ توانائی کو کیسے بہتر بنایا جا سکتا ہے؟

جناب سپیکر: جی، مفتی جانان صاحب۔

مفتی سید جانان: زه جی دا عرض کوم چه دا د د تفصیلی بحث د پاره منظور شی، دا بل خل زما سوال وو، دلته ما په دے باندے خبرے کړی وے۔۔۔۔

جناب سپیکر: دا نوټس را کړئ جی، Written notice۔

مفتی سید جانان: منسٹر صاحب وو، هسے مطلب دادے هوا باندے تیر کړو نو دا د تفصیلی بحث د پاره جی منظور کړے شی۔

جناب سپیکر: Written، لیکلے دے باره کښے نوټس را کړئ جی۔

مفتی سید جانان: د ر کوم جی۔

جناب سپیکر: دا بابک صاحب! جواب ورکوئ؟ هسے خو نوټس پرے راغے نو مطلب دا دے ضرورت ئے نشته۔

جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): مهربانی سپیکر صاحب۔ دا خو ډیر زیات اهم سوال دے او بیا ډیر په اهم وخت دے، خیر بهرحال زۀ د حکومت د طرف نه چه کوم مؤقف دے، هغه به ضرور وایم، د دوئ خبره خو راغله۔۔۔۔

حافظ اختر علی: سپیکر صاحب! زما ډیر اهم ضمنی سوال دے، دوئ د واوری بیا د جواب ورکړی۔

جناب سپیکر: او دریږه لږ حافظ صاحب هم واورئ جی، وزیر صاحب۔ جی۔

حافظ اختر علی: جناب سپیکر صاحب! شکریه۔ دوئ دا کوم تفصیل چه ورکړے دے نو حکومت نه دا سوال دے، دوئ ملاکنډ III او پیهور او شیشی او ریشون خپل په اقداماتو کښے او د توانائی بحران باندے د قابو د پاره ذکر کړی دی نو دا سوال دے چه آیا دا په مخکښے حکومت کښے شوی دی او که نه دا موجوده په دے درے کالو کښے شوی دی؟

جناب سپیکر: جی، جناب آنریبل سردار بابک صاحب۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: سپیکر صاحب، شکریه۔ دے مفتی صاحب ډیر په اهم وخت کښے ډیر ښه سوال راوړے دے او دا نه صرف زمونږ د هاؤس د انفارمیشن د پاره بلکه د ټولے صوبے خلق دے ته په انتظار وی چه د بجلئ لوډ شیډنګ ډیر زیات دے او انرجی کرائسز ډیر زیات Peak ته رسیدلی دی او بیا مونږ دا هم ټول د دے معاشرے، د دے صوبے د عام خلقو په حیث باندے بیا د دے متقاضی یو چه فوری طور باندے هغه قدم پورته شی چه دا کرائسز چه دی، په هغے باندے قابو هم او کړے شی خو سپیکر صاحب، تاسو ته معلومه ده

چه دا ډیم جوړول چه دی دا یو Time consuming process دے ، په دے باندے ډیر زیات وخت لګی، په دے ډیم باندے ډیر زیات لګښت راځی۔ څلور پراجیکټونه داسے دی لکه هغه چه څنګه ذکر شوی دی چه ملاکنډ IIIاو پیهور او شیشی هائیډرو بیا ریشون چه د هغے چه کوم پروډکشن دے ، هغه فګر مونږ ورکړے دے ، دا زمونږ په وخت کښے یعنی پروډکشن دے ورکول شروع کړی دی او چونکه دا منصوبے داسے دی، دا په یو کال کښے یا دوه کالو کښے Complete کیږی، مکمل کیږی، په دے باندے ډیر زیات وخت لګی۔ سپیکر صاحب، زمونږ د حکومت کریډټ چه دے ، هغه دا دے چه نیټ هائیډرو پاور زیاته حصه، دا اوس جی کوم یولس منصوبے مونږ ورکړی دی چه په هغے کښے دا رانولیا ، مچئ، درال خوړ، کوټو هائیډرو پاور، کروړا ، جبوړی، متلتان، لاوی، شوشیزئ او شوګو شن او دا شرمئ هائیډو پاور چه کوم دی، دا یولس منصوبے سپیکر صاحب چه د هغے مونږ تفصیل هم ورکړے دے ، Priority دا ده، وزیر اعلیٰ صاحب وئیلی هم دی، ترجیحاتو کښے دا زمونږ شامل دی چه په دیکښے دا څلور منصوبے داسے دی چه دا بالکل ټینډر شوی هم دی تقریباً تقریباً او په دے باندے به کار کول شروع شی، انشاء الله دا به زر تر زر اوشی۔ دا باقی چه کومے منصوبے دی، د هغے د پاره زۀ دا وایم سپیکر صاحب چه پینځه اربه روپئ چه دی، دا بل زمونږ یو سکیم دے چه مونږ د هغے فیزیبیلټی کوؤ چه په دے صوبه کښے کوم کوم ځایونه داسے دی چه هغه Feasible دی او هلته مونږ ډیمونه جوړولے شو او دغلته نه به مونږ بجلی پیدا کولے شو۔ سپیکر صاحب، زۀ به یو اضافی خبره اوکړمه، تاسو اوګورئ چه صرف ملاکنډ III نه مونږ ته سالانه 81 میګاواټ بجلی پیدا کیږی او دوه اربه ر وپئ د هغے آمدن دے۔ زمونږ چه کوم خپل Estimation دے او مونږ چه کوم اندازه حکومت لګولے ده چه ز مونږ صوبه چه ده او کوم پراګرس چه زمونږ د سکیمونو روان دے یا Feasible سکیمونه چه زمونږ کوم دی، د هغے نه اولس سوه میګاواټه بجلی پیدا کیږی، دا په پراسس کښے دی، انشاء اللهٔ اولس سوه میګاواټ بجلی به د دے نه پیدا کیږی۔ تاسو پخپله اندازه اوکړئ چه دے 81 نه مونږ ته دوه اربه روپئ منافع راځی نو اولس سوه میګاواټ نه به مونږ ته څومره آمدن راځی؟

سپیکر صاحب، دا یوه ډیر زیاته اهمه او یو Burning issue ده، دے ته ډیره زیاته توجه په دے حواله باندے هم ضرورت دے چه دا زمونږ د حکومت کم از کم Priority ده، دا په ترجیحاتو کښے شامله ده، مونږ غواړو چه انشاء الله، انشاءالله دا په دے ملک کښے چه کوم کرائسز دی، دویمه خبره دا ده چه دا اتلسم ترمیم نه پس چه دے صوبے سره کوم اختیار راغلے دے نو دا ډیره زیاته د خوشحالئ خبره ده، زمونږ صوبه Feasible د دے د پاره چه دلته ډیر زیات سائیټونه داسے دی چه هلته بجلی کیدے شی۔ بهرحال مفتی صاحب ذکر کړے وو چه منسټر صاحب، ما خو مناسب ګنړله چه د حکومت طرف نه مؤقف اووایمه چه منسټر صاحب هم راشی انشاء الله، زمونږ د حکومت کوشش دا دے چه څومره زیات کیدے شی چه مونږ پروډکشن د بجلئ سیوا کړو او د دے د پاره مونږ عملی قدم اخلو چه د نیشنل هائیډل پاور زیاته حصه چه ده، هغه وزیر اعلیٰ صاحب اعلان هم کړے دے او هغه منصوبو له ورکوی نو زما یقین دا دے چه ډیر ښه پیش رفت به د هغے طرف ته اوشی۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، اس ضمن میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ تقریباً سات سو میگاواٹ کے جو یہ چار کام چالو ہیں یا جاری ہیں، اس سے وہ بنتے ہیں لیکن اگر آپ اس کو کسچن کے آخر میں دیکھیں، اس کے علاوہ پچیس میگاواٹ سے لیکر تین سو پچاس میگاواٹ تک پراجیکٹ کی فیزیبلٹی سٹڈی جاری ہے اور اگلے تین یا چار سالوں میں فیزیبلٹی پر کام مکمل ہو جائے گا۔ ان تمام منصوبوں کی کل استعداد سترہ سو میگا واٹ ہے، یہ سترہ سو میگاواٹ ان کو پتہ کیسے لگا جبکہ ابھی فیزیبلٹی سٹڈی نہیں ہوئی ہے؟

(تالیاں)

جناب سپیکر: یہ چونکہ اس پر نوٹس بھی آچکا ہے، اس پر Detailed discussion ہوگی۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: جناب سپیکر صاحب، اس بارے میں میری گزارش یہ ہے جی کہ جو ڈسکشن ہوتی ہے، Every Tuesday کو ہوتی ہے، پتہ نہیں اجلاس Tuesday تک ہوگا یا نہیں، پھر اگر آپ مہربانی کر کے اس کو پہلے لے آئیں تاکہ پھر ہم۔۔۔۔

جناب سپیکر: میں وہی کر رہا ہوں، میں ڈیپارٹمنٹ کو بھی ہدایت دیتا ہوں کہ وہ پوری تیاری کے ساتھ اپنے منسٹر صاحب کو اور پوری گورنمنٹ کو بریف کریں چونکہ Next coming میں اس پہ وہ بات ہوگی اور Cut out date بھی دے دیں گے کہ اس پراجیکٹ پر کس وقت کام شروع ہوگا؟ یہ میرے خیال

میں اب حیلے بہانے کی اس میں اور گنجائش نہیں رہی ہے، ابھی کریش پروگرام میں، کریش پروگرام میں اس پہ کام ہوگا۔ (تالیاں) یہ وقت کی ضرورت ہے اور اس سے پہلے کہ آپ سب کے گریبان باہر پھٹیں اور کپڑے پھٹیں تو اس سے بہتر ہے کہ یہ ابھی ابھی اس کا وقت ختم ہو رہا ہے، Next کونسی Date ہے، اس پہ وہ ڈالیں اس کو Detailed discussion کیلئے اور ڈیپارٹمنٹ کو پھر خصوصی ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ پوری تیاری کے ساتھ اپنے منسٹر صاحب کو اور گورنمنٹ کو بریف کرے۔

Ji, 'Pivilige Motions': Ms. Faiza Bibi Rashid Sahiba.

Dr. Fiza Bibi Rashid: Thank you, Speaker Sir; thank you, Speaker Sir.

(Applauses)

جناب سپیکر: اچھا بی بی، ایک Explanation دے دیں مجھے، آپ نے کل اتنی بڑی بات اٹھائی تو۔۔۔۔۔

ڈاکٹر فائزہ بی بی رشید: نہیں سر، اسی سلسلے میں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، آپ کو میرے خیال میں Explanation اسمبلی سیکرٹریٹ سے موصول ہوئی ہوگی، اگر آپ کی تسلی ہوئی ہے تو ٹھیک ہے، نہیں تو میں پورے ہاؤس کو پڑھ کر سناتا ہوں۔

آوازیں: پڑھ لیں۔

ڈاکٹر فائزہ بی بی رشید، رکن اسمبلی کی شکایت پر وضاحتی بیان

جناب سپیکر: اسمبلی اجلاس مورخہ 25 اپریل 2011 کے حوالے سے جس میں آپ نے اپنی اسمبلی بزنس کے حوالے سے شکایت کی تھی کہ آپ کے بزنس کو اسمبلی فلور پر نہیں لایا جارہا ہے، اس ضمن میں گزشتہ تین سالوں کے دوران آپ کی طرف سے جمع کرائے گئے مختلف نوٹسز کی تفصیل یہ ہے: آپ کی اطلاع کیلئے ایک عرض ہے کہ مورخہ 2008-22 کو ایک سوال محکمہ صحت کے متعلق سیکرٹریٹ میں جمع کیا جس کی منظوری بھی دی گئی اور 12 جنوری کو اسمبلی کے ایجنڈے پر رکھا گیا جو بوجہ آپ کی غیر حاضری کے Lapse ہوا۔ آپ نے 23 جون 2008 کو دو قرار دادیں 76 اور 77 اسمبلی سیکرٹریٹ میں جمع کیں جس کی میں نے 2 جولائی کو منظوری دی۔ ان میں ایک قرار داد نمبر 77 اسمبلی کے ایجنڈے پر مورخہ 15 جنوری کو رکھی گئی جو بوجہ آپ کی غیر حاضری کے Lapse ہو گئی جبکہ دوسری قرار داد نمبر 76 بوجہ اجلاس کی غیر معینہ مدت تک التواء اور اسمبلی کے قواعد کے مطابق مورخہ 14 فروری، 2011 کو Lapse ہو گئی، آپ کی طرف سے اسمبلی سیکرٹریٹ میں جمع کرایا گیا توجہ دلاؤ نوٹس نمبر 44 مورخہ 2008 ,23 کو موصول ہوا جس کی میں نے 4 ستمبر 2008 منظوری دی جو کہ بوجہ اسمبلی اجلاس کے التواء 15 اکتوبر،

2009 کو Lapse ہو گیا۔ تحریک التواء: آپ کی طرف سے اسمبلی سیکرٹریٹ میں جمع کی گئیں تحاریک التواء 234 اور 483، 13 اکتوبر، 2009 اور 7 فروری 2011 کو موصول ہوئیں جس کی میں نے 13 اکتوبر 2009 اور 9 فروری 2011 کو منظوری دی جو بوجہ التواء اسمبلی اجلاس دونوں تحاریک التواء بھی Lapse ہو گئیں۔ تحریک استحقاق نمبر 136 جو آپ کی طرف سے جمع کی گئیں اسمبلی سیکرٹریٹ کو 14 فروری 2011 کو موصول ہوئی، اسی دن 14 فروری 2011 کو اسمبلی اجلاس کے التواء کے باعث Lapse ہو گئی جبکہ تحریک استحقاق نمبر 145 جو کہ آپ کی طرف سے اسمبلی سیکرٹریٹ کو 12 اپریل 2011 کو موصول ہوئی لیکن چونکہ آپ نے اس پر دستخط نہیں کئے تھے جس کی وجہ سے یہ آپ کو واپس بھیجی گئی جو کہ بعد ازاں 18 اپریل 2011 کو موصول ہوئی اور اسی اجلاس میں ایجنڈے پر شامل کی گئی تھی، آج ہی پیش کی جا رہی ہے۔

<u>Dr. Faiza Bibi Rashid:</u> Point of order.

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> پوائنٹ آف آرڈر، میں اس سلسلے میں وضاحت کرنا چاہتا ہوں۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی۔

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> محترمہ ممبر کو کل جو شکایت تھی، اس کے متعلق کافی تفصیل سے سیکرٹریٹ نے اور آپ نے بتا دیا لیکن میری ایک درخواست ہو گی اور سارے ممبران سے درخواست ہو گی، ہم یہ سمجھتے ہیں کہ ہم جو کارروائی اسمبلی سیکرٹریٹ میں جمع کرتے ہیں، ہمارا یہ خیال ہوتا ہے کہ یہ جب بھی اجلاس ہو گا تو اس کو اجلاس میں اٹھایا جائے گا۔ اب آپ کے رولز کے مطابق وہ کارروائی جو ہم نے جمع کی ہوتی ہے، جب اجلاس Prorogue ہوتا ہے تو وہ Automatically lapse ہوتی ہے اور پھر اس کے بعد ہمیں اس کو سرسبز کرنے کیلئے یعنی Refresh کرنے کیلئے دوبارہ نوٹس دینا پڑتا ہے، تو میری بہن نے کل جو شکایت کی اور آپ نے جو تفصیل بتائی، اس سے اندازہ ہوا ہے کہ بزنس تو انہوں نے کافی جمع کی تھی لیکن اجلاس کی Prorogation کی وجہ سے وہ اسمبلی کے ایجنڈے پر نہیں آ سکی تو میری درخواست ہو گی کہ اگر ان کو اس طرح کوئی بات ہوتی تو جیسے ہی اجلاس ختم ہو تو وہ Next اجلاس کیلئے اس کو Refresh کرنے کیلئے آپ کے سیکرٹریٹ میں نوٹس جمع کرائیں تاکہ پھر Next جو اجلاس ہوتا ہے، اس میں وہ پیش ہو سکے۔

<u>بیگم شازیہ اورنگزیب خان:</u> پوائنٹ آف آرڈر، جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: عبدالاکبر خان! یہ اسمبلی سیکرٹریٹ سارے ممبرز کو لکھتا ہے لیکن جب کوئی ممبر اس پر توجہ نہیں دیتا اور وہ دوبارہ جمع کرنے کی خواہش ظاہر نہیں کرتا تو وہ اس وجہ سے Lapse ہو جاتی ہے، تو اگر آپ۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! میری اس سلسلے میں درخواست ہوگی کہ سیکرٹریٹ انفارمیشن دیتا ہے کہ جب ہم بل جمع کرتے ہیں اور اسی اجلاس میں نہیں آتا تو آپ کا سیکرٹریٹ ہمیں Inform کر لیتا ہے کہ آپ کا بل، لیکن جو باقی نوٹسز ہیں، مثال کے طور پر کوئسچنز ہیں یا۔۔۔

جناب سپیکر: اس پر اطلاع نہیں آتی؟

جناب عبدالاکبر خان: اسی پر اطلاع نہیں آتی جی۔

جناب سپیکر: یہ تو ہمارے رولز میں ہے جو ابھی میرے سامنے لایا گیا ہے۔

"To

All the Members of Provincial Assembly

Subject: Fresh Notices to all the Members

I am directed to say that such under sub rule (3) of rule 5 of the Provincial Assembly Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, all pending notices, businesses have been lapsed except Bills which have been introduced in the Assembly or any other business which have been deferred by the House on the prorogation of the 17th Session of the Assembly.

It is, therefore, requested that any Member who intends to refresh any of his business / notice, is required to submit a fresh notice of the same to the secretariat at the earliest."

یہ تو نوٹس باقاعدہ آپ سب کو ایشو ہو جاتا ہے، جو اس پر توجہ نہیں دیتا تو پھر اس کو Lapse ہی سمجھا جائیگا۔

بیگم شازیہ اورنگزیب خان: جناب سپیکر، پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب سپیکر: ابھی صبر کریں وہ کھڑی ہیں، ان کے بعد جی۔۔۔

ڈاکٹر فائزہ بی بی رشید: جی سپیکر صاحب، Thank you for information لیکن جو آپ نے ڈیٹیلز بیان کی ہیں، آپ کے سیکرٹری صاحبان بیٹھے ہیں، میں نے جو چیز بھی Submit کروائی ہے، باقاعدہ اس کا Follow up کیا ہے۔ سیکرٹری صاحبان بیٹھے ہیں، میں ان سے پوچھتی رہی ہوں، کل بھی ایسا ہوا، بشیر بلور سینیئر منسٹر بیٹھے تھے، میں ان سارے سیکرٹریز صاحبان کے پاس گئی ہوں کہ آپ برائے مہربانی

میری پریویلج موشن آج شامل کریں ایجنڈے میں، تو مجھے یہی جواب ملا ہے کہ سپیکر صاحب Agree نہیں ہیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ کل میرے Colleague احمد بہادر کی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: بی بی صاحبہ! غلط بیانی سے کام نہ لیں، غلط بیانی سے کام نہ لیں، کس اہلکار نے۔۔۔۔۔

Dr. Faiza Bibi Rashid: Let me complete, Sir please.

جناب سپیکر: جس اہلکار نے آپ کو کہا ہے، آپ مجھے بتادیں۔ کل کا ایجنڈا Heavy تھا۔۔۔۔۔

